| Narration | Time |
|---|---|
| لبرے آفس بیس پر سپوکن ٹیوٹوریل میں آپ کا استقبال ہے. | 00:00 |
| اس ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے کہ کس طرح. | 00:03 |
| ایک رپورٹ تشکیل دیں . رپورٹ فیلڈس کو منتخب کریں، لیبل کریں اور ترتیب یعنی سورٹ کریں. | 00:07 |
| رپورٹ لے آوٹ یعنی ترتیب منتخب کریں اور رپورٹ کی قسم منتخب کریں - :سٹیٹک یا ڈاینا مک. | 00:12 |
| اس کے لئے، چلئے اپنی واقف مثال ڈیٹا بیس کو دیکھتے ہیں. | 00:19 |
| یہاں، ہم نے اس Library ڈیٹا بیس میں کتابوں اور ارکان کی معلومات جمع کی ہیں. | 00:27 |
| ہمارے پاس ارکان کو جاری کی گئی کتابوں کو تلاش کرنے کے لئے ایک فہرست بھی ہے. | 00:36 |
| ہم گزشتہ ٹیوٹوریلس میں سیکھ چکے ہیں کہ کس طرح فارم اور کویریس بنائیں. | 00:42 |
| یہ سیکھنے سے پہلے کہ رپورٹ کیسے بنائیں، پہلے سیکھتے ہیں کہ رپورٹ کیا ہے؟ | 00:48 |
| رپورٹ کیوری کی طرح ہی ڈیٹا بیس سے معلومات جاننے کا ایک اور طریقہ ہے. | 00:56 |
| ہم اسکا لے آوٹ اور دکھاوٹ اپنی مرضی کے مطابق بنا سکتے ہیں، جس سے کہ یہ پڑھنے میں اور کاغذ پر پرنٹ کے لئے آسان ہو. | 01:05 |
| رپورٹیں ڈیٹا بیس کے ٹیبلس اور کیوریز سے بنا سکتے ہیں. | 01:14 |
| ساتھ ہی یہ ٹیبل یا کیوری کی ساری فیلڈس، یا فیلڈس کے کچھ منتخب گروپ کو شامل کر سکتے ہیں. | 01:21 |
| رپورٹس کے دو طبقے ہوتے ہیں -سٹیٹک یا ڈاینا مک. | 01:32 |
| جب بھی دیکھنے کے لئے ایک سٹیٹک رپورٹ کو کھولتے ہیں، | 01:38 |
| وہ ہمیشہ وہی ڈیٹا ظاہر کرتا ہے جو کہ رپورٹ بناتے وقت اس میں تھا. | 01:42 |
| اسے سنیپشاٹ بھی کہتے ہیں. | 01:48 |
| لیکن ڈاینا مک رپورٹ جب بھی دیکھنے کے لئے کھولی جاتی ہے ہمیشہ ڈیٹا بیس کے موجودہ ڈیٹا عکاسی کرتی ہے. | 01:52 |
| ٹھیک ہے، اب، ایک رپورٹ مثال بناتے ہیں. | 02:00 |
| Library ڈیٹا بیس میں، | 02:05 |
| بائیں پینل پر Reports آئکن پر کلک کرتے ہیں. | 02:08 |
| دائیں پینل پر، 'Use Wizard to create report' پر کلک کرتے ہیں. | 02:12 |

| | |
|---|---|
| یہ رپورٹیں بنانے کا ایک آسان اور تیز طریقہ ہے. | 02:18 |
| ہم اب ایک نئی ونڈو دیکھتے ہیں جسے رپورٹ بلڈر ونڈو بھی کہتے ہیں، | 02:24 |
| اور ہم ایک wizard دیکھتے ہیں جس کے بائیں طرف 6 سٹیپس لکھے ہوئے ہیں. | 02:31 |
| ہم گزشتہ ٹیوٹوریل میں بنائی گئی کیوری پر مبنی ایک رپورٹ بنانے کے wizard پر جائیں گے. | 02:39 |
| History of books issued to the Library members ' | 02:47 |
| ہم سٹیپ 1 - Field Selection پر ہیں. | 02:51 |
| ہم رپورٹ ڈیٹا کا ذریعہ یہاں متعین کریں گے :یا تو ایک tableیا ایک.query | 02:56 |
| ڈراپ ڈاؤن لسٹ میں سب سے اوپر آپ کی کیوری 'History of Books Issued to Members' کا انتخاب کرتے ہیں. | 03:05 |
| اب بائیں طرف کیوری میں سے دستیاب فیلڈس کی ایک فہرست دیکھتے ہیں. | 03:14 |
| ہم اپنی رپورٹ میں سارے فیلڈس چاہتے ہیں، لہذا صرف دائیں طرف کے ڈبل ائروبٹن پر کلک کریں گے. | 03:21 |
| اب اگلے مرحلہ پر جانے کے لئے Next کے بٹن پر کلک کرتے ہیں. | 03:30 |
| سٹیپ.2. Labelling Fields | 03:35 |
| label ٹیکسٹ بکسیس میں مندرجہ ذیل وضاحتی لیبلز ٹائپ کرتے ہیں جیسا تصویر میں دکھایا گیا ہے. | 03:39 |
| ٹھیک ہے، اب Next کے بٹن پر کلک کرتے ہیں. | 03:50 |
| ہم سٹیپ 3 - Grouping پر ہیں. | 03:55 |
| یہ تب استعمال کرتے ہیں جب بھی ہمیں منتخب فیلڈس کے سیٹ کے مطابق ڈیٹا کو گروپ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے. | 03:59 |
| مثلاً ہماری رپورٹ میں، ہم ڈیٹا کو Book titles سے گروپ کر سکتے ہیں. | 04:05 |
| اگر ہم یہ کرتے ہیں، تب ہماری رپورٹ میں ہم book title دیکھتے ہیں اور پھر سارے رکن جن کو یہ دی گئی ہیں. | 04:12 |
| پھر ہم اگلے book title کو دیکھتے ہیں اور اسی طرح سے آگے اور بھی. | 04:22 |
| ابھی کے لئے، چلئے اپنی رپورٹ کو سادہ رکھتے ہیں. | 04:27 |
| لہذا ہم صرف Next کے بٹن پر کلک کریں گے. | 04:31 |
| اب ہم سٹیپ 4 پر ہیں.Sorting Options - | 04:36 |
| چلئے ڈیٹا کو تاریخ اشاعت کے مطابق ترتیب دیتے ہیں. | 04:41 |

| | |
|---|---|
| 04:46 | اور پھر ان کو Book title کے ذریعے Ascending یعنی صعودی ترتیب دیتے ہیں. |
| 04:52 | اس کے لئے، ہم Sort by ڈراپ ڈاؤن باکس پر کلک کریں گے، |
| 04:58 | اور پھر Issue Date پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:03 | پھر ہم دوسرے ڈراپ ڈاؤن باکس پر کلک کریں گے. |
| 05:08 | اور پھر Book Title پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:12 | اب چلیئے Next کے بٹن پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:16 | ٹھیک ہے .سٹیپ.5. Choose Layout |
| 05:20 | ہم یہاں رپورٹ کی شکل اپنی مرضی کے مطابق بنا سکتے ہیں. |
| 05:25 | چلیئے 'Columnar، 'single-column لے آوٹ فہرست پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:31 | توجہ دیجئے کہ پیچھے Report Builder رفریش ہوگیا ہے. |
| 05:36 | یہ سارے لیبلز کو بائیں طرف اور مطعلقہ فیلڈس کو دائیں طرف دکھا رہا ہے. |
| 05:43 | چلیئے 'Columnar، 'two columns پر کلک کرتے ہیں. |
| 05:48 | پھر سے نیچے کی ونڈو دو کالم کی ترتیب بنانے کے لیے رفریش ہوگئی ہے. |
| 05:54 | اس طرح سے، ہم کوئی بھی لے آوٹس منتخب کر سکتے ہیں جو Base Wizard پیش کرتا ہے. |
| 06:02 | ہم اسے بعد میں اپنی ضرورت کے مطابق تبدیل بھی کر سکتے ہیں. |
| 06:07 | ابھی کے لئے، ہم پہلی چیز، "Tabular" پر کلک کریں گے. |
| 06:12 | اور Next کے بٹن پر کلک کرتے ہیں. |
| 06:16 | ٹھیک ہے، آخری مرحلہ.Create Report - |
| 06:20 | یہاں اپنی رپورٹ کو ایک وضاحتی عنوان دیتے ہیں 'Books Issued to Members: Report : History' |
| 06:30 | اب اپنی رپورٹ ایسے بناتے ہیں جس سے کہ رپورٹ ہمیشہ ڈیٹا بیس سے نیا ڈیٹا دے. |
| 06:38 | اس کے لئے، 'Dynamic Report' آپشن پر کلک کریں، |
| 06:45 | چونکہ جب بھی ہم دیکھنے کے لئے report کھولیں گے، ہم ہمیشہ تازہ ترین ڈیٹا دیکھنا پسند کریں گے. |
| 06:52 | ٹھیک ہے، ہم نے اپنی رپورٹ پوری کر لی .چلیے اب 'Create Report now' آپشن پر کلک کرتے ہیں. |

| | |
|---|---|
| 06:59 | اور آخر میں Finish کے بٹن پر کلک کریں. |
| 07:05 | اب ہم ایک نئی ونڈو دیکھتے ہیں اور یہ رپورٹ ہے جسے ہم نے ابھی بنایا ہے. |
| 07:12 | توجہ دیجئے اس میں سب سے اوپر، بولڈ حروف میں، فیلڈ لیبلز ہیں، اور اصل ڈیٹا ٹیبل پر درج ہے. |
| 07:24 | ساتھ میں یہ بھی توجہ دیجئے کہ یہ Issue Date فیلڈ کے ذریعے Ascending order میں ترتیب وار ہے یعنی، تاریخ کے مطابق اور پھر Book Title کے مطابق Ascending ترتیب میں. |
| 07:38 | لہذا ہم نے لائبریری کے ارکان کو جاری کی گئی کتابوں کی رپورٹ، تاریخ اشاعت کے مطابق بنالی ہے. |
| 07:46 | اگلے ٹیوٹوریل میں، ہم سیکھیں گے کہ اپنی رپورٹ میں کس طرح تبدیلی کریں. |
| 07:52 | ایک مشق |
| 07:54 | Library میں تمام کتابوں کی ایک رپورٹ بنائیے جو کہ Publishers کے مطابق گروپڈ ہوں. |
| 08:01 | دونوں ہی Publishers اور Book titles کو Ascending ترتیب میں ہونا ضروری ہے. |
| 08:07 | Columnar ، Single-column ترتیب کا استعمال کریں. |
| 08:11 | اسی کے ساتھ ہم لبرے آفس بیس پر رپورٹیں کے اس ٹیوٹوریل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 08:17 | مختصر میں ہم نے سیکھا کی کس طرح: |
| 08:21 | ایک رپورٹ بنائیں |
| 08:22 | رپورٹ فیلڈس کو منتخب کریں، لیبل اور ترتیب دیں |
| 08:25 | رپورٹ لے آوٹ کو منتخب کریں |
| 08:26 | اور رپورٹ ٹائپ static یا dynamic کا انتخاب کریں |
| 08:31 | سپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ ٹاک -ٹو -ا - ٹیچر پروجیکٹ کا حصہ ہے . جسے حکومت ہند کے ایمپچارڈی وزارت کے قومی خواندگی مشن نے آئی سی ٹی (ICT) کے ذریعے حمایت کی ہے. |
| 08:42 | اس پروجیکٹ کی معاونت http://spoken-tutorial.org نے کی ہے. |
| 08:48 | اس پر مزید معلومات درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں. |
| 08:51 | اِس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاہت احمد نے کی ہے، ہمارے شریک ہونے کیلئے بہت شکریہ |